# 251624 ـ کیا کوئی مریض اپنی عیسائی بیوی سے رمضان میں دن کے وقت ہم بستری کر سکتا ہے؟

**سوال**

ایک آدمی کی بیوی عیسائی ہے، وہ آدمی گردوں کا مریض ہے، اسے طبی نقطہ نظر سے روزے رکھنے سے روکا گیا ہے، تو کیا وہ ماہ رمضان میں دن کے وقت اپنی عیسائی بیوی سے جنسی تعلقات قائم کر سکتا ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

میں نے یہ سوال اپنے شیخ محترم جناب عبدالرحمن البراک حفظہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے کہا:
"ظاہری طور پر یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے"

واللہ اعلم.